# سندھ ایکٹ نمبر XXII مجریہ ۱۹۹۴

# SINDH ACT NO.XXII OF 1994

# سندھ ایگریکلچرل انکم ٹیکس ایکٹ، ۱۹۹۴

# THE SINDH AGRICULTURAL INCOME TAX ACT, 1994

## (CONTENTS) فہرست


(Preamble) تمہید

(Sections) دفعات

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ تعریف

Definitions

۳۔ ٹیکس لگانا

Levy of tax

۴۔ تشخیص اور ٹیکس جمع کرنا

Assessment and collection of tax

۵۔ ضلع یا اضلاع کی ایک سے زائد دیھ، تپے یا تعلقہ میں زمین رکھنے والے شخص کی ذمیداری

Liability of person owning land in more than one deh, tapa or taluka of a district or districts

۶۔ کچھ معلوماتی بیان کی طلبی

Requisitioning of certain information statement

۷۔ اثتثنیٰ

Exemption

۸۔ اپیل ریویو یا رویزن

Appeal review or revision

۹۔ کارروائی پر پابندی

Bar or jurisdiction

۱۰۔ قواعد بنانے کا اختیار

Rules making power

# سندھ ایکٹ نمبر XXII مجریہ ۱۹۹۴

# SINDH ACT NO.XXII OF 1994

# سندھ ایگریکلچرل انکم ٹیکس ایکٹ، ۱۹۹۴

# THE SINDH AGRICULTURAL INCOME TAX ACT, 1994

[۴ اکتوبر ۱۹۹۴]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کی توسط سے صوبہ سندھ میں زرعی زمین سے کمائی پر ٹیکس لگایا جائے گا۔

جیسا کہ صوبہ سندھ میں زرعی زمین سے کمائی پر ٹیکس لگانا مقصود ہے؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ ایگریکلچرل انکم ٹیکس ایکٹ، ۱۹۹۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

(۳)اس کی سارے صوبہ سندھ تک توثیق ہوگی۔

تعریف

Definitions

۲۔ (۱) اس ایکٹ میں، جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک:

(a) "ایکٹ" مطلب سندھ لینڈ روینیو ایکٹ، ۱۹٦٧؛

(b) "کلیکٹر" مطلب ضلع کا کلیکٹر اور جس میں شامل ہے ایکٹ تحت کلیکٹر کی ذمیداریاں نبھانے کے لیئے مقرر کردہ کوئی عملدار؛

(c) "حکومت" مطلب صوبہ سندھ کی حکومت؛

(d) "زمین" مطلب زمین جو زرعی مقصد یا زراعت کے ماتحت مقاصد کے لیئے استعمال کی گئی ہے یا استعمال کی جا سکتی ہے اور لینڈ روینیو عشر میں آتی ہے اور جس میں شامل ہے وفاقی اور صوبائی حکومت کی طرف سے لیز حاصل کرنے والے، کاشتکار یا ضمانت دینے والے کے قبضے میں رکھی گئی ہے، لیکن جس میں شامل نہیں ہے ایسی زمین جو کسی عمارت یا تعمیرات کہ جگہ ہو؛

(e) "مالک" مطلب زمین کا مالک اور جس میں شامل ہے گروی رکھنے والا یا لیزی؛

(f) "بیان کردہ"مطلب قواعد کے تحت بیان کردہ؛

(g) "پروڈیوس انڈیکس یونٹ" کی معنی وہ سمجھی جائے گی جو اس کو لینڈ ریفارمس ایکٹ، ۱۹۷۷ میں دی گئی ہے؛

(h) "قواعد" مطلب اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد؛

(i) "ٹیکس" مطلب اس ایکٹ کے تحت وصولی لائق زرعی انکم ٹیکس۔

(۲)سارے دوسرے الفاظ اور اظہار جو اس ایکٹ میں واضح نہیں کیئے گئے، ان کی معنی وہ لی جائے گی، جو ان کو ایکٹ میں دی گئی ہے۔

ٹیکس لگانا
Levy of tax

۳۔ (۱) ایسی زمین پر کوئی ٹیکس نہیں لگائی جائے گی جو ۴۰۰۰ پروڈیوس انڈیکس یونٹس سے زائد نہ ہو۔

(۲)ٹیکس وصول کردہ یا جمع کردہ ہر انڈیکس یونٹ پر ۲ روپے کے ریٹ کے حساب سے وصول کی جائے گی۔

(۳)زمین کے مالک کی طرف سے ٹیکس اس طرح ادا کی جائے گی، جیسے وہ وصول یا جمع کی جائے۔

تشخیص اور ٹیکس جمع کرنا
Assessment and collection of tax

ضلع یا اضلاع کی ایک سے زائد دیھ، تپے یا تعلقہ میں زمین رکھنے والے شخص کی ذمیداری
Liability of person owning land in more than one deh, tapa or taluka of a district or districts

۴۔ (۱) ٹیکس ضلع کے کلیکٹر کی طرف سے وصول کی جائے گی جس کی حدود میں وہ زمین آئے اور جہاں زمین ایک ضلع سے زائد اضلاع مین واقع ہے تو اس ایکٹ کے مقصد کے لیئے ٹیکس ایک مرتبہ وصول کی جائے گی اور وہ اس ضلع کے کلیکٹر کی طرف سے وصول کی جائے گی، جس ضلع میں زمین کا زائد حصہ موجود ہو۔

(۲)ٹیکس اس طریقے سے وصول کی جائے گی جیسے ایکٹ کے تحت لینڈ روینیو کی وصولی کا طریقیکار بیان کیا گیا ہے۔

کچھ معلوماتی بیان کی طلبی
Requisitioning of certain information

۵۔ ہر شخص، جو اس ایکٹ کے مقصد کے لیئے ایک

| | |
|---|---|
| دیھہ، تپے یا تعلقہ سے زائد میں زمین کا مالک ہے یا مالک بنتا ہے یا اس سلسلے میں ٹیکس کی ادائگی کا ذمیدار ہوتا ہے، اس ایکٹ نافذ ہونے کے ساٹھ دن کے اندر، یا جیسے معاملہ ہو، اس تاریخ سے ایسا شخص اس طرح ذمیدار ہوتا ہے، کلیکٹر کو ایسی زمین کے تفصیلات دے گا اور جہاں ایسی دیھہ، تپہ یا تعلقہ ایک ضلع سے زائد میں واقع ہے، وہ مندرجہ بالا عرصہ کے دوران ایک اقرارنامہ دوسرے اضلاع کے کلیکٹر کو جمع کرائے گا، جس میں ایسی زمین کے مکمل تفصیلات شامل ہوں گے۔ | statement<br>اثتثنیٰ<br>Exemption<br>اپیل ریویو یا رویزن<br>Appeal review or revision<br>کارروائی پر پابندی<br>Bar or jurisdiction<br>قواعد بنانے کا اختیار<br>Rules making power |
| ٦۔ (١) کلیکٹر کسی بھی وقت رجسٹرڈ پوسٹ کے ذریعے تحریری طور پر حکم کے ذریعے، ایسے کسی شخص کو طلب کر سکتا ہے، جس کا کیس کلیکٹر کی نظر میں اس ایکٹ کے زمرے میں آتا ہے، اس کو مالکی میں رکھی ہوئی زمین کے تفصیلات جمع کرانا ہوں گے اور مذکورہ شخص ایسے وقت کے دوران احکامات پر عمل کرنے کا پابند ہوگا، جو تیس دن سے کم نہ ہوگا، جیسے نوٹیس میں بیان کیا گیا ہو۔<br>(٢)اگر وہ شخص جس کو ایسا نوٹیس جاری کیا گیا ہے، بیان کردہ عرصہ کے دوران موزوں سبب بیان کرنے کے علاوہ عملدرآمد میں ناکام ہوتا ہے تو کلیکٹر اس کی زمین کو ایسی جانچ پڑتال کے بنیاد پر ایسے بیان کے بغیر ٹیکس میں شامل کرے گا، جیسے وہ ضروری سمجھے۔<br>۷۔ حکومت کسی شخص یا افراد کے درجہ کو مکمل طور پر یا کچھ حصہ کی ٹیکس ادائگی سے اثتثنیٰ دے سکتی ہے، جیسے قواعد میں بیان کیا گیا ہو۔<br>۸۔ اپیل، ریویو یا نظرثانی کے مقصد کے لیئے، اس ایکٹ کے تحت جاری کردہ حکم اس ایکٹ کے مقصد | |

کے لیئے روینیو عملدار کا حکم سمجھا جائے گا۔

۹۔ اس ایکٹ کے تحت کسی اختیاری کی طرف سے جاری کردہ کسی حکم یا کارروائی پر کسی سول کورٹ میں سوال نہیں اٹھایا جا سکے گا۔

۱۰۔ حکومت اس ایکٹ کے مقصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**